www.KitaboSunnat.com

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تحفظ ناموس رسالت ﷺ اور ہم

اُمِ عبدِ مُنیب

مشربۂ علم و حکمت
0321-4609092

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تحفظ ناموسِ رسالت ﷺ اور ہم

اُمِّ عبدِ مُنیب

www.KitaboSunnat.com

مشربہ علم وحکمت
ندیم ٹاؤن ڈاکخانہ اعوان ٹاؤن لاہور
0321-4609092

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمیع الحقوق محفوظة

نام کتاب ——— تحفظ ناموس رسالت اور ہم
اہتمام ——— محمد عبد منیب
ناشر ——— مشربہ علم وحکمت
قیمت ——— 35 :00

ناشر: مشربہ علم وحکمت (دار الشکر)
ندیم ٹاؤن ملتان روڈ لاہور۔ پاکستان 0321-4609092 0300-4270553

ڈسٹری بیوٹر: دار الکتب السّلفیہ
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 042-37361505

☆ البلاغ Shop #: 4-LG لینڈ مارک پلازہ، جیل روڈ۔ لاہور
فون: 0300-8880450042-5717843

☆ اسلام آباد مکان نمبر 264 گلی نمبر 90 سیکٹر i-8/4 اسلام آباد۔
فون: 0300-5148847

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

سخنِ وضاحت	5
☆عمومی مجوزہ علاج	7
برداشت کر لینا	8
گالی کا جواب گالی سے دینا	10
احتجاجی مظاہرے اور بیانات	14
☆دشمن سے نبٹنے کا انفرادی طریقہ	18
دشمن کی پہچان	18
دشمن کی تہذیب سے نفرت	20
دشمن کی نوکری اور چاکری سے اجتناب	28
دشمن کے ہاں حصولِ تعلیم سے اجتناب	34
دشمن کے ملک میں رہائش سے اجتناب	38
حرفِ آخر	45

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سخنِ وضاحت

گزشتہ چار دہائیوں سے مسلمانوں کو اشتعال دلانے اور ان کو ذلیل و رسوا کرنے لیے ہمارے کافر دشمنوں نے ایک ایسا انداز اختیار کیا ہے جسے اسلام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے ردِ عمل میں بوکھلاہٹ ہی کا نام دیا جا سکتا ہے۔ ہر چھ ماہ بعد ایک نئے انداز سے اسلامی شعائر اور نبی اکرم ﷺ اور قرآن حکیم کی توہین کی جارہی ہے۔ افسوس ناک یہ امر ہے کہ ہمارے موجودہ دور کے تمام مسلمان ممالک کے حکم ران دشمن کی اس دریدہ دہنی پر خاموشی اور غفلت کی چادر اوڑھے اپنی کرسی بچانے کی فکر میں مصروف ہیں۔ کبھی کبھی کسی نئے واقعے کے بعد سعودی عرب یا کسی اور ملک کے حکمران کی احتجاج بھری آواز ابھرتی ہے اور پھر مہیب زہرناک سناٹا چھا جاتا ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ کافروں کو کبھی یہ جرات نہ ہوتی اگر مسلمان سابقہ خلفاءِ امت کی طرح جہاد کے لیے تلوار اور گھوڑے (اور آج کے لحاظ سے ایٹمی میزائل اور اسلحہ) تیار رکھتے۔ دفاعِ ملک کی بجائے دفاعِ اسلام ان کا مقصد حکومت ہوتا۔

اگر مسلمان ممالک کے حکمران صرف ایک دن کے لیے ان لمبی زبانوں اور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

خاکے بنانے والوں کے ممالک کا معاشی مقاطعہ کرتے تو دشمن بغیر کسی جنگ کے سیدھا ہو جاتا، اور یہ سب اپنے کرتوتوں سے باز آجاتے۔ ہمارے ماضی کی تاریخ گواہ ہے۔

بہرحال حکومتی سطح پر کچھ کرنے کی بجائے عام غیور مسلمانوں کو زیرِ نظر سطور میں انفرادی سطح پر ''علاج'' سجھانے کی کوشش کی گئی ہے

شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

ام عبد منیب

جمادی الاولیٰ: ۱۴۳۲

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

عمومی مجوزہ علاج

ہم اپنی گزشتہ ڈیڑھ سو سالہ تاریخ پر نظر دوڑائیں تو عجیب اندوہ ناک صورتِ حال نظر آتی ہے، یورپ کے عیسائیوں نے چنگیز اور ہلاکو کی تباہ کاریوں کو بھی مات کر دیا۔ لیکن جب سے القدس ہمارے ہاتھ سے نکلا ہے، ذلت مجموعی طور پر ہمارا مقدر بن چکی ہے، صہیونیوں کا یہ وار ہمیں بہت مہنگا پڑا۔ القدس کی آزادی کا بوجھ دنیا کے ہر مسلمان کے کندھے کو مزید زمین کی طرف جھکاتا جا رہا ہے۔ دشمن ہر بار اور ہر سال ایک نیا طرزِ اذیت، ایک نیا اندازِ تمسخر، ایک نیا طریقِ سلب ونہب اختیار کرتا ہے لیکن ہم بحیثیت ایک امت کے آہ کرنے کے لیے کروٹ بھی نہیں بدلتے۔ قرآن حکیم، نبی اکرم ﷺ، امہات المومنین اور مشاہیرِ امت کو بدنام کرنے اور ان پر ناپاک ہنسی ہنسنے کا کون سا حربہ ہے جو انھوں نے اختیار نہیں کیا۔ حکمران اگر بے حس ہیں، راہنما اگر غافل ہیں، اہلِ حکومت اگر کرسی کے لالچ میں پھنسے ہوئے ہیں تو کیا انفرادی طور پر ہمیں بھی ایسا ہی ہو جانا چاہیے؟

کیا ہم نے اپنی استطاعت کی حد تک اللہ تعالیٰ کو جواب دہی نہیں کرنی؟

کیا ہم پر دشمن سے بدلہ لینے کے حوالے سے یا اسے مزا چکھانے کے حوالے سے کوئی فریضہ عائد نہیں ہوتا؟

آیئے! اس آئینے میں جواب تلاش کریں لیکن پہلے ان مسلمانوں کے طریقِ کار پر بھی بات ہو جائے جو جوابی کارروائی کے طور پر کچھ نہ کچھ کر رہے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیئے ذرا ان انداز ہائے علاج کا تجزیہ کریں اور یہ دیکھیں کہ کیا اس طرح دشمن کو اس کی ان دسیسہ کاریوں سے باز رکھا جا سکتا ہے؟ نیز ان کے متبادل مؤثر طریقہ کیا ہے؟

برداشت کر لینا:

اکثر مسلمانوں کا خیال ہے کہ کفار سے الجھنے کی بجائے ہمیں برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کرنا چاہیے، کافروں کی ان مذموم حرکتوں سے ہمارے اسلام اور ایمان پر کوئی آنچ نہیں آئے گی، اگر ہم نے برداشت کا طریقہ اختیار کیا تو کافر بھی جوابی کارروائی کریں گے، بدامنی پھیلے گی، دوطرفہ محاذ کھل جائے گا۔ ممکن ہے عدم برداشت کی صورت میں یہ عالمی سطح پر مسلم اور کافر ملکوں کے درمیان عالمی سطح پر جنگ کی صورت اختیار کر جائے۔

اس نقطۂ نظر کے حامیوں میں بہت سے بظاہر علما اور علامہ قسم کے لوگ بھی شامل ہیں۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ مسلمانوں نے فلسطین، عراق، افغانستان، کشمیر، بوسنیا، چیچنیا اور دنیا کے دیگر تمام خطوں میں اپنی عدم برداشت کی پالیسی کی وجہ سے جنگ کو مسلط کر رکھا ہے۔ اسلام برداشت کی ترغیب دیتا اور تلقین کرتا ہے۔

ان نام نہاد علامہ حضرات کا یہ نقطۂ نظر بھی ہے کہ دورِ حاضر میں جہاد کی ضرورت باقی نہیں رہی، بلکہ مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر کافروں کے ساتھ تمام مسائل حل کیے جا سکتے ہیں۔

رہے عام مسلمان! جنہیں دین کی سمجھ ہی نہیں، ان کے خیال میں قرآن حکیم

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور رسولِ اکرم ﷺ کے متعلق توہین آمیز الفاظ یا رویہ اختیار کرنا کوئی جرم ہے ہی نہیں۔ لہٰذا وہ بھی برداشت کر لینے ہی کو درست سمجھتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ کیا مسلمان ممالک اور یورپی عیسائیوں، یہودیوں یا ہندوؤں کے باہم خوش گوار تعلقات ہیں؟ یا کبھی خوش گوار تعلقات رہے ہیں؟ کفار کا توہین آمیز رویہ اختیار کرنا، خاکے اڑانا اور نعوذ باللہ قرآن حکیم کے اوراق کی توہین کرنا ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلمان تو خوش گوار تعلقات رکھنا چاہتے ہیں لیکن کافر لوگ مسلمانوں کے ساتھ خوش گوار تعلقات رکھنے کے حق میں نہیں ہے، اسی لیے وہ اس طرح کی کمینی حرکات کر کے مسلمانوں کو اشتعال دلا کر باہم نفرت کی فضا پیدا کر کے دنیا پر جنگ مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک فریق تو بارود اور گولی کے ساتھ مسلمانوں کے جوہر قابل کو اڑا تا رہے، مسلمان ممالک پر اپنا تسلط جما کر ان کے وسائل پر قبضہ کر کے وہاں کے باشندوں کو بارود سے بھون دے یا جیلوں میں بند کر دے اور مسلمان پھر بھی برداشت کرتے رہیں۔

دنیا کا کوئی بھی شخص حتّٰی کہ بچہ بھی اپنی بے عزتی برداشت نہیں کرتا، وہ کبھی یہ پسند نہیں کرتا کہ کوئی اس کی نقل اتارے، اسے برا بھلا کہے، اس کے کاموں یا باتوں میں مین میخ نکالے۔ سوال یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ یا قرآن حکیم پر نعوذ باللہ پھبتیاں کسنا، ان کے خاکے اڑانا، ان پر غصہ نکالنے کے لیے انہیں پاؤں میں اور گندگی میں روندنا اتنا ہلکا جرم ہے کہ اسے ٹھنڈے پیٹوں برداشت کر لیا جائے؟

دراصل پڑھے لکھے مسلمان جو اپنے آپ کو علامۂ دہر سمجھتے ہیں، شیطان نے ان

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے دلوں میں تکبر، حق سے اعراض اور شیطان دوست کافروں کی محبت اس قدر بھر دی ہے کہ وہ برداشت کی پالیسی اپنا کر یہ چاہتے ہیں کہ انہیں کافروں کی مجالس میں اور پروگراموں میں شمولیت کے مواقع ملتے رہیں۔ وہ مسلمانوں کے راہنما کی حیثیت سے یورپی ممالک میں بلائے جاتے رہیں۔ تاکہ: خوش رہے رحمان بھی راضی رہے شیطان بھی۔

عام مسلمان جن کی روزی روٹی اور امیدیں یورپی ممالک کے ٹکڑوں کے ساتھ بندھی ہوئی ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ مسلمان اور کافروں میں جنگ یا مخاصمت پیدا نہ ہو تا کہ ان کے روزگار معمول کے مطابق چلتے رہیں، انہیں یورپی ممالک میں رہنے، وہاں کی یونیورسٹیوں میں پڑھنے اور ان کے ممالک میں جا کر ملازمت کرنے اور ان کے گوروں کی چاکری کرنے کے مواقع حاصل رہیں، ان کے خیال میں توہینِ رسالت یا توہینِ قرآن اتنے بھی سنگین جرم نہیں جن کی وجہ سے دنیا کی چلتی گاڑی کو روک دیا جائے۔

گالی کا جواب گالی سے دینا:

وہ مسلمان جو دینی حمیت و غیرت رکھتے ہیں جن کے دلوں میں ایمان رچا بسا ہوا ہے، جن کی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت شدید ہے، لیکن اسلام کے اصول موعظہ حسنہ اور موعظہ بالحکمۃ کا شعور نہیں رکھتے، ان کا خیال ہے کہ اگر کافر بدزبانی کرتے ہیں۔ ہمارے محبوب نبی ﷺ امہات المومنین، صحابہ کرام اجمعین یا ہمارے دیگر مشاہیر کی کردار کشی کرتے ہیں، قرآن حکیم کی تذلیل کرتے ہیں، ان کے خلاف لکھتے، بولتے یا خاکے شائع کرتے ہیں تو جواب میں ہمیں بھی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے مشاہیر کے خلاف ایسا ہی کرنا چاہیے، یہ رائے انتہائی قلیل لوگوں کی ہے۔

شرعی لحاظ سے یہ خیال بھی درست نہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ. (الانعام:۱۰۸)

''جو لوگ غیر اللہ کی پوجا کرتے ہیں، انہیں برا بھلا مت کہو ورنہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کو اپنی جہالت کی وجہ سے برا بھلا کہنے لگیں گے۔''

ایک مسلمان کو یہ زیب ہی نہیں دیتا کہ وہ جھگڑا ہو یا کسی سے محاکمہ کرے تو بدزبانی پر اتر آئے۔ نبی اکرم ﷺ نے تو اسے منافق کی علامت قرار دیا ہے۔

(دیکھیے کتاب الایمان، صحیح بخاری، صحیح مسلم)

اسلام شائستہ، باوقار، کریم وعفیف اور پرامن دین ہے یہ پسند ہی نہیں کرتا کہ برائی کا جواب برائی سے دیا جائے:

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ. (المومنون:۹۶)

''برائی کو احسن طریقے سے دور کیجیے۔''

رسول اللہ ﷺ کو جب یہودی ملتے تو السّلام علیکم کی بجائے ''السام علیکم'' کہتے لیکن آپ انہیں صرف ''وعلیکم'' کہنے پر اکتفا کرتے اور اپنی زبان کو آلودہ ہونے سے بچا لیتے۔ (مسلم، کتاب السّلام)

ان دلائل سے تو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ برداشت ہی کا رویہ درست ہے لیکن نہیں! اصل بات یہ ہے کہ مسلمان کافروں کی دریدہ دہنی کے جواب میں عام

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حالات میں تو برداشت ہی کرے گا خصوصاً انفرادی معاملات میں لیکن جب معاملہ اجتماعی طور پر امت مسلمہ کی کردار کشی، ان کی شریعت کا مذاق اڑانے اور ان کے محبوب نبی ﷺ کی ذاتِ مطہر پر کیچڑ اچھالنے کا ہو تو پھر وہ برداشت سے کام نہیں لے گا بلکہ وہ اس فتنے کے تدارک کے لیے مسلح ہو کر اٹھ کھڑا ہو گا اور تب تک چین سے نہیں بیٹھے گا جب تک یہ فتنہ ختم نہیں ہو جاتا:

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ. (البقرہ:۱۹۳)

''اور ان سے قتال کرو یہاں تک کہ فتنہ مٹ جائے اور اللہ کا دین (غالب) ہو جائے، پھر اگر وہ (کافر) باز آ جائیں تو سوائے ظالموں کے کسی پر زیادتی نہ کرو۔''

جس قدر زیادتی کافر، یہودی اور ہندو کرتے ہیں جواب میں اتنی زیادتی کرنے سے مسلمان کی انفرادی معاملات میں بھی کوئی پکڑ نہیں ہوگی جب کہ اجتماعی معاملات میں تو اتنی زیادتی کرنا ہی کفار کا علاج ہے۔

مسئلہ یہ بھی ہے کہ عیسائیوں اور یہودیوں کے انبیاء صرف ان کے ہی نہیں ہمارے لیے بھی محترم ہیں بلکہ ان پر یہودیوں اور عیسائیوں کی نسبت ہمارا حق زیادہ ہے، وہ ہمارے ایمان کا حصہ ہیں، ان کی تعظیم و تکریم ہم پر اسی طرح فرض ہے جس طرح رسول آخر الانبیاء ﷺ کی تعظیم و تکریم، ان تمام انبیاء کی تعلیم کے اصل وارث اور حافظ تو ہم ہیں، قرآن حکیم نے ان سب کی تعلیمات کا محفوظ اور باوقار طریقے سے مسلمانوں کو محافظت کا اہل قرار دے کر ان کے حوالے کیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہودی اور عیسائی تو ان انبیاء کے وہ ناخلف، باغی، بے راہ و گمراہ پیروکار ہیں جنھوں نے دماغی طور پر ان کی تعلیمات کو بھلا دیا، عملی طور پر ان تعلیمات کو بدل کر من مانی کر لی اور الفاظ و حروف کو بدل کر من پسند خواہشات کے مطابق کتابیں تیار کر لیں۔ جن بدبختوں نے اللہ تعالیٰ کو اور ان کے انبیاء کو دھوکہ دینے کی اور ان کی کتب کو پس پشت ڈال کر جعلی کتب گھڑنے کی جسارت کی وہ وارثانِ نبوت نہیں ہو سکتے۔ وارثانِ نبوت تو وہ ہیں جو کتاب اللہ اور انبیاء اللہ کی حرمت کے لیے کٹ مرنے کو دنیا کی سب سے بڑی سعادت سمجھتے ہیں۔

رہے یہود و کفار کے عام مشاہیر تو وہ ہمارے لیے مشاہیر سرے سے ہیں ہی نہیں، انہیں اگر برا بھلا کہہ لیں تو یہ کوئی زیادتی نہیں کہلائے گی۔ البتہ اگر انہوں نے ذاتی طور پر مسلمانوں کے خلاف ہرزہ سرائی کی ہو، انبیائے کرام کے مقامِ ارفع پر عیب لگائے ہوں تو پھر ویسا ہی جواب دے سکتے ہیں، اگر انہوں نے ذاتی طور پر ایسا نہیں کیا تو پھر ان پر غلط الزامات لگانا، ان پر کیچڑ اچھالنا یا ان کی عیب جوئی کرنا اسلام کا اخلاق ہرگز اس کی اجازت نہیں دیتا، کہ کرے کوئی اور بھرے کوئی۔ جب کسی ایسے کافر شخص کا تذکرہ کیا جائے جو اپنی قوم میں معزز ہو تو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس کی حیثیت کو مدِ نظر رکھ کر بات کی جائے گی۔

لہٰذا ہم ان کے لیے بھی استہزا اور گالی گلوچ کی زبان استعمال نہیں کر سکتے، رہے وہ کافر سیاست دان، صحافی یا دیگر لوگ جو مسلمانوں کے خلاف مذموم زبان استعمال کرنے اور کمینی حرکات کا ارتکاب کرنے میں پیش پیش ہیں تو ان کی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرکات کے مقابلے میں اپنا معاندانہ ردِ عمل ظاہر کرنا، ان کے لیے سخت الفاظ استعمال کرنا اور جوابی کارروائی کرنا نہ صرف جائز بلکہ لازم ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے نضر بن حارث اور ابنِ خطل اور یہودیوں کی بدزبانیوں سے تنگ آ کر فرمایا: جن لوگوں نے اللہ کے رسول کی مدد ہتھیاروں سی کی انہیں زبان سے مدد کرنے میں کس چیز نے روکا ہوا ہے؟ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں حاضر ہوں یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: تم قریش کی ہجو کیسے کرو گے جب کہ میں بھی انہی میں سے ہوں۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں آپ کو اس طرح نکال لوں گا جس طرح آٹے سے بال نکالا جاتا ہے۔ (مسلم:۲۴۹۰)

احتجاجی مظاہرے اور بیانات:

عالم اسلام کے اکثر مسلمان کفار کی ہرزہ سرائی، پست ذہنیت اور مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کے مقابلے کے لیے احتجاجی بیانات جاری کرنے اور احتجاجی مظاہرے کرنے کو کافی سمجھتے ہیں۔ انڈیا میں مسلم کش فسادات ہوں یا گجرات میں مسلمان بستیوں کو آگ لگا کر بھسم کر دینے کا کھیل، فلسطینی نہتے مسلمانوں پر جبر وتشدد کی آہنی زنجیریں ہوں یا افغانستان کے شہروں میں بارود کی بارش، عروس البلاد و بغداد پر میزائلوں سے حملہ ہو یا عافیہ صدیقی جیسی عفت مآب بیٹیوں پر ناروا ظلم وستم کا سلسلہ، علمائے گرامی کے قتل کی سازشیں ہوں یا ہر غیور مسلمان کو کیوبا کے کھلے آسمان تلے بنائے گئے آہنی پنجروں میں بند کرنے کی کریہہ روایت، قرآن حکیم کے اوراق سے ٹائیلٹ صاف کرنے کی گستاخی ہو یا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ کی منزہ حیات اور مطہر شخصیت کو داغدار کرنے کی مذم جسارت پر مبنی خاکے............ اکثر مسلمانوں کے ہاں ان سب کا علاج یہ ہے کہ احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں اور احتجاجی بینرز اٹھا کر اپنا بیان اخبارات میں چھپوا دیا جائے یا احتجاجی ریلی کی تصویر لگوا دی جائے۔

احتجاجی مظاہرے کرنا اور احتجاجی بیان دینا کمزور لوگوں کا طریقہ ہے جسے خود مغربی اقوام نے ہی رواج دیا ہے، احتجاج کا طریقہ مغربی عوام کے لیے مغربی ممالک میں تو شاید کچھ افادیت رکھتا ہو لیکن مسلمانوں کا کفار کی کسی حرکت پر احتجاج کرنا کبھی بھی فائدہ مند ثابت نہیں ہوا البتہ یورپ کے کافر اس احتجاجی طریقِ کار کی حوصلہ افزائی بھی کرتے ہیں تاکہ مسلمان اپنا غم وغصہ جذباتی نعرے لگا کر، چند ٹائر یا پتلے اور پرچم نذرِ آتش کر کے اپنے دل کی بھڑاس نکال کر ٹھنڈے پڑ جائیں۔ وہ لوگ انہیں ٹھنڈا کرنے کے لیے ان کے احتجاجی مظاہروں کی خبر بھی دیتے ہیں، میڈیا مووی بھی بناتا ہے، بظاہر ہمدردی بھی کی جاتی ہے، درمیانے درجے کی شخصیات کی زبان سے ہمدردی کے چند بول بھی کہلوائے جاتے ہیں، مسلمانوں کو ٹھنڈا کرنے کے لیے کبھی کبھی معذرت کا لفظ بھی اچھال دیا جاتا ہے جسے سن کر مسلمان بہت خوش ہوتے اور اسے اپنی بڑی کامیابی سمجھتے ہیں۔

ہم مسلمان بھی بہت سادہ لوح اور بھولے ہیں، مغربی کفار کی طرف سے کیے جانے والے ظلم، دہشت گردی، فساد، قتل وخون، سوقیانہ جملے بازی کے جواب میں احتجاجی مظاہرہ کر کے، اپنی ہی املاک کو نقصان پہنچا کر............ اپنے ہی عوام کے

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیے سڑکوں پر آمد ورفت کو بند کر کے .... اپنے ہی ملک میں دشمن کے خلاف نعرہ بازی کر کے .... یا بینرز اٹھا کر اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑ کر مطمئن ہو جاتے ہیں کہ ہم نے ظالم و جابر دشمن سے بدلہ لے لیا ہے۔

دراصل احتجاجی مظاہرے کر کے اپنی جھنجھلاہٹ اور غصے کا اظہار تو کیا جا سکتا ہے لیکن دشمن پر رعب ڈالنے، اسے قائل کرنے یا اس کی ظالمانہ پالیسیوں کو روکنے کا کام ہرگز نہیں لیا جا سکتا۔ دورِ حاضر کے احتجاجی سیاست کے یہ حربے ہمارے سامنے ہیں۔

اگر کبھی احتجاج شدت اختیار کر ہی جائے تو سیاسی کرتا دھرتا لوگ عوام کی کچھ نہ کچھ بات مان بھی لیتے ہیں مثلاً معذرت کر لی، ہلاک ہونے والوں سے اظہارِ ہمدردی کر دیا، ان کے لواحقین کی کچھ مالی مدد کر دی، یا کوئی بے ضرر اور معمولی سا مطالبہ مان کر احتجاج کرنے والوں کے زخموں پر پھاہا رکھ دیا اس پر تو مظاہرہ کرنے والے خوش ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں، دیکھا نا! حکومت پر ہمارا رعب، آخر انہیں گھٹنے ٹیکنے پڑے اور ہماری بات مان لی، کچھ نہ ہونے کی بجائے کچھ نہ کچھ منوا لینا بہتر ہے۔

سادہ لوح عوام یہ نہیں جانتے کہ کھلونے دے کر بہلانے یا بھوک اور درد سے روتے بچے کو چوسنی دے کر چپ کرانے سے اصل مسئلہ ختم نہیں ہوا کرتا۔ یہی تو وجہ ہے کہ گزشتہ پانچ دہائیوں سے یومِ یکجہتیِ کشمیر منایا جا رہا ہے، گزشتہ آٹھ سال سے حجاب ڈے منایا جا رہا ہے، گزشتہ چار دہائیوں سے ناموسِ رسالت کا مقدمہ احتجاجی مظاہروں کے ذریعے جیتنے کی کوشش کی جا رہی ہے، لیکن ان میں سے کون سا مسئلہ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے جو حل ہو گیا ہو، ہاں یہ ضرور ہے کہ پہلے مسائل کے انبار میں ایک اور مسئلے کا اضافہ ہو جاتا ہے لہٰذا احتجاجی مظاہروں اور ڈے منانے کی رسم میں ایک اور کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

دراصل بات یہ ہے کہ کمزور، نہتے، بزدل اور بسمل افراد یا قومیں احتجاج کیا کرتی ہیں، ایک زندہ، باغیرت، طاقت ور، اصول پسند، قوم یا افراد احتجاج نہیں علاج کیا کرتے ہیں، وہ زخموں پر وقتی طور پر پھاہے نہیں رکھتے بلکہ مستقل ایسا حکمی علاج کرتے ہیں اور دشمن کو ایسی مار مارتے ہیں کہ وہ سالوں کروٹ تک بدلنے کے قابل نہیں رہتا۔

احتجاج کمزور اپنے سے کئی گنا زیادہ طاقت ور کے سامنے .... بے بس اور بے وقعت اپنے سے کئی گنا باعزت آدمی کی سامنے .... ایک غلام اپنے آقا کے سامنے .... ایک بھوکا ننگا زردار پیٹ بھرے کے سامنے .... اس وقت کرتا ہے جب اس پر ظلم وتشدد کی انتہا ہو جاتی ہے۔

دورِ حاضر میں مسلمان ممالک کے حکمران مغربی آقاؤں کے سامنے اس قدر ذلیل، بے بس اور نیچے لگے ہوئے ہیں کہ یورپی اقوام مسلمانوں کے ساتھ انفرادی اور اجتماعی سطح پر جو چاہے کر گزریں (ریمنڈ ڈیوس کو واپس کرنے کی مثال ہمارے سامنے ہے) کچھ بولتے ہی نہیں، احتجاجی بیان بھی ان کے کمزور سرطان زدہ حلق سے بڑی مشکل سے نکلتا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے: نعرہ بازی)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

دشمن سے نبٹنے کا انفرادی طریقہ

دشمن کی پہچان:

کسی دشمن سے نبٹنے کا سب سے پہلا مرحلہ اس کی پہچان حاصل کرنا ہے۔ ہم دشمن کو جانے بغیر اور اس کے ہتھ کنڈوں سے واقفیت حاصل کیے بغیر اس کے ٹھکانوں کا حدود اربعہ حاصل کیے بغیر کبھی بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ قرآن حکیم نے مسلمانوں کو ان کے تمام دشمنوں کی پہچان خوب کروادی ہے۔

کلمہ شہادت کا آغاز ہی لا اِلٰہ سے ہوتا ہے گویا پہلا مرحلہ ہی باطل اِلٰہ کے زمرے میں شامل افراد، اقوام، اشیاء وغیرہ کو جاننے سے شروع ہوتا ہے تا کہ ان سب سے قطع تعلق کرلیا جائے، ان سے نفرت کی جائے، ان کے سائے سے بھی دور بھاگا جائے۔

لا اِلٰہ کے بعد اِلاّ اللہ کا مرحلہ آتا ہے یعنی ربّ کریم کی ذات وصفات کا علم حاصل کرنا، قرآن وحدیث کو غور سے پڑھنا اور سمجھنا ہے۔ اسلامی عقیدے کی بنیاد ہی محبت اور نفرت پر استوار ہے کہ محبت اللہ، اللہ کے رسول اور تمام مسلمانوں سے.....نفرت شیطان اور اس کے ساتھیوں اور دنیا کے تمام کافروں سے۔

محبت اور نفرت کے اس معیار کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم خود اور اپنی نسلوں کو بھی دونوں رخ کھول کھول کر بتائیں اور سمجھائیں۔ دنیوی تعلیم پر دینی تعلیم

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کو ترجیح دے کر دلوں کی آبیاری کی جائے۔

قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے شیطان کا، یہودیوں کا، کافروں اور مشرکوں کا طریقہِ واردات بڑی وضاحت سے بتا دیا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ سب ہم اپنے دل و دماغ میں تازہ رکھیں اور چوکنے رہیں۔

شرعی اصطلاح میں دوستی اور دشمنی کے اس معیار کو ولا اور برا کہا جاتا ہے۔ قرآن حکیم میں ہمیں بار بار خبردار کیا گیا ہے:

يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ. (المائدہ:۵۱)

”اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، یہودیوں اور عیسائیوں کو اپنا دوست نہ بناؤ یہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، تم میں سے جو شخص انہیں دوست بنائے گا اس کا شمار بھی انہیں میں سے ہوگا یقیناً اللہ ایسے ظالموں کی راہنمائی نہیں فرماتا۔“

يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا. (النساء:۱۴۴)

”اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ کیا تم چاہتے ہو کہ تم اللہ تعالیٰ کو اپنے خلاف واضح ثبوت دے دو۔“

يَآأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُّؤْمِنِيْنَ. (المائدہ:۵۷)

''اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، تم سے پہلے جن لوگوں کو کتاب دی گئی ان میں سے جنہوں نے تمہارے دین کو مذاق اور تماشا بنالیا ہے، انہیں اور دوسرے کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ، اگر تم واقعی مومن ہو تو اللہ سے ڈر جاؤ۔''

دشمن کی تہذیب سے نفرت:

دشمن کی تہذیب و روایت سے نفرت دراصل دشمن کی پہچان ہی کا ایک پہلو ہے، لیکن المیہ یہ ہے کہ ہمارے مسلمانوں کو جب تک کوئی بات الگ الگ عنوان سے نہ بتائی سمجھائی جائے ان کی سمجھ میں بات آتی ہی نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (ابوداؤد:۴۰۳۱)

''جس نے کسی قوم کی نقالی کی وہ انہی میں سے ہے۔''

اور فرمایا:

مَنْ تَشَبَّهَ لِغَيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا ولا تشبهوا باليهود ولا النصارىٰ.

(صحیح الجامع الصغیر للالبانی:۵۴۳۴۔ السلسلۃ الاحادیث الصحیحہ:۲۱۹۴)

''جس نے ہمارے اغیار کی مشابہت اختیار کی وہ ہم میں سے نہیں ہے، نہ مشابہت کرو یہودیوں کی اور نہ مشابہت کرو عیسائیوں کی۔''

دورِ حاضر میں ہم نے کافروں کی عادات اور رسم و رواج کا پٹا اپنے گلے میں ڈال لیا ہے، ہیلو ہیلو، بائے بائے، پاپا، مما، ڈیڈی، انکل، آنٹی، کچن، ڈرائنگ روم،

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرزِ تعمیر، بائیں طرف کی ٹریفک، بیت الخلا کا نقشہ، میز پر کھانے کا رواج، بوتلیں پینے کا رواج، تحفے لینے دینے میں یورپی طریقہ، دفاتر، ہسپتال وغیرہ میں طور طریقے، گاڑی چلانے کا طریقہ، او لیول اور اے لیول کرنے کا جنون، انگریزی زبان بڑے فخر سے بولنا، تقریبات پر مووی، مہندی، شادی ہال اور ان میں کھانے اور مہمانوں کو بٹھانے کا طریقہ، کوئی جلسہ منعقد کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی کا اہتمام، مخلوط تقریبات، مختلف ڈے منانے کا مرض، آئے روز یورپی لوگوں کے ساتھ مل کر عالمی دن منانے کا رواج، حلیہ، لباس، جوتے، پرس اور روزمرہ استعمال کی چیزیں، عورتوں کو ہر شعبے میں گھسیٹ لانے کا جنون، شراب کا بے محابا استعمال، کھیلیں، بچوں کی تربیت، اسکولوں کا نظام غرض ہر چیز میں ہم اسلامی روایات کو فراموش کر چکے ہیں یا فراموش کرتے جارہے ہیں۔

ہم دعویٰ تو کرتے ہیں صادق و مصدوق نبی ﷺ سے محبت کا لیکن ہماری پوری عملی زندگی، ہماری عادات و حرکات، ہمارے استعمال کی چیزیں سب چیخ چیخ کر زبانِ حال سے کہہ رہی ہیں کہ اے حبِّ رسول کا دعویٰ کرنے والو! اے رات بھر جاگ جاگ کر نعتیں پڑھنے والو! اے درود شریف کی تسبیحیاں کرنے والو! تمہارا یہ دعویٰ کیسا ہے! تمہاری یہ محبت کیسی ہے؟ تم سر سے پیر تک .... کھانے سے لے کر پہننے اوڑھنے تک .... ولادت اور شادی سے لے کر مرگ تک ....مزدور سے لے کر وزیر اعظم تک .... پہلے دن سے لے کر آخری دن تک تمہارا ہر کام، تمہارا ہر دن، تمہاری ہر سوچ تو تمہارے محبوب ﷺ کے خاکے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اڑانے والے دشمن کے ہاں گروی رکھی ہوئی ہے تم دشمن کا پس خوردہ کھاتے ہو اور اس کی اترن اور لنڈے کی تہذیب و ثقافت پر مرے جاتے ہو نبی اکرم ﷺ تو یہ فرمائیں:

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک صاحبِ ایمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کو اس کے والد، اولاد اور جان سے بھی زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ (مسلم، بخاری:۵۸)

اور تم نبی اکرم ﷺ کے دشمنوں کی عادات کو اپنا کر یہ سمجھو کہ ہم عاشقِ رسول ہیں۔

ہمیں دشمن کو اگر سزا دینا ہے، اسے مات دینا ہے، اسے اپنی غیرت کی آگ سے بھسم کرنا ہے، اس کو حبِ رسول ﷺ کی حرارت محسوس کروانی ہے تو پھر کافر کی ہر بات، ہر حرکت، ہر عادت، ہر رسم و رواج سے اپنے اندر شدید نفرت پیدا کرنا ہوگی۔ اگر پتا چل جائے کہ یہ رسم ہندو کی ہے، یہ رواج عیسائی کا ہے، یہ انداز یہودیوں کا ہے، یہ روایت آتش پرستوں کی ہے تو پھر ہمیں اسے اسی طرح فوراً چھوڑ دینا ہوگا اور دل میں اس کے متعلق شدید نفرت پیدا کر لینی ہوگی جس طرح ایک مسلمان کو اگر یہ بتا دیا جائے کہ جو گوشت وہ کھا رہا ہے یا کھانے لگا ہے یہ چوہے، بندر، چیتے یا سور کا ہے تو وہ اس ہنڈیا کو، اس لقمے کو فوراً پھینک دے گا۔

جس طرح صحابہ نے منہ کو لگے شراب کے پیالے شراب کی حرمت کا سن کر پٹخ دیے، ہمیں بھی کافروں کی ہر روایت کو اٹھا کر باہر گلی میں پھینک دینا ہوگا۔ (دیکھیے،

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیح بخاری: ۱۱۲/۵)

جی ہاں یہ یہودی، یہ مشرک وہ اقوام ہیں جنہیں ربِ کائنات نے چوپاؤں سے بھی بدتر قرار دیا۔ انسانیت کی معراج، آدمیت کا فخر، تہذیب وتمدن کے سب سے زیادہ نفیس اور باذوق حامل نبی اکرم ﷺ کی پاکیزہ عادات اور معاشرت کو اپنا کر.......... ہمیں ان بندروں اور سوروں جیسی حرکات کرنے والوں کی عادات سے اپنے آپ کو دور رکھنا ہوگا۔

یاد رکھیے شرعی محبت پیدا ہوتی نہیں اپنے اندر پیدا کی جاتی ہے۔ نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام سے محبت کا تقاضا ہے، انہی کی عادات وروایات کو بالا رادہ اپنانا.......... یہی شرعی محبت ہے اور شرعی نفرت پیدا کرنے سے ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ دشمن کی ہر چیز سے نفرت کرنا۔

دشمن کی مصنوعات کا مقاطعہ:

جو دشمن ہمارے محبوب نبی ﷺ کے خلاف ہرزہ سرائی کرتا ہے جو ہمارے پیارے نبی ﷺ کی حیاتِ منزہ پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کرتا ہے، جس بدبخت کے ہاتھ محبوب کائنات کے خاکے بناتے ہیں، جس آوارہ گردکی زبان قرآن حکیم کو دہشت گردی کی کتاب کہتی ہے، جس گندہ دہن کو اسلام خون آشام تلواروں کا مذہب محسوس ہوتا ہے..........

ذرا سوچیے! کیا ہماری غیرتِ ایمانی کا تقاضا یہ نہیں، کہ ان ناپاک، غلیظ، شرارت پسند، سفّاک، درندہ صفت ہاتھوں کی بنی ہوئی چیزوں کو اپنے گھروں میں

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ گھسنے دیں.........

غور کیجیے! اگر کوئی ظالم بھیڑیا ہماری بیٹیوں کے ساتھ درندگی کا مظاہرہ کرے تو کیا ہم یہ پسند کریں گے کہ اس کے ہاتھ کے بنے ہوئے پزا، برگر، پیپسی کولا، کوکا کولا، ٹیم، فانٹا، مرنڈا، سپرائیٹ، آئس کریم، جیم، جیل، ٹینگ، چاکلیٹ، ٹافیاں، چیونگم، بسکٹ، جوس، مزے لے لے کر کھائیں؟

جس بدبخت نے پیارے نبی ﷺ اور امہات المومنین رضی اللہ عنہن کو نعوذ باللہ عیاش ثابت کرنے کے لیے کارٹون بنائے، کیا ہمارا یہ دل چاہے گا کہ اس کے کارخانوں کے بنے ہوئے برتن، فرنیچر، زیورات، سرف، نیل، شیمپو، تیل، کریمیں، لپ اسٹک، میک اپ کا سامان، پین، سیاہی، مارکر، کاپیاں وغیرہ خریدیں۔

جو بدطینت میرے نبی ﷺ کے امتیوں کو چین سے جینے نہیں دے رہا، جس نے مسلمان کو اپنے گھروں سے بے گھر کیا، جو روزانہ افغانستان، عراق اور فلسطین میں معصوم بچوں اور عورتوں کو نیزوں کی انیاں چبھو کر ہلاک کرتا ہے، کیا ہم یہ پسند کریں گے کہ اس کی دکان پر جا کر اس سے روزہ مرہ کی چیزیں خرید لائیں اور اسے سمیت منافعے کے اپنی خون پسینے کی کمائی دے کر اسے اس خوش فہمی میں مبتلا کریں کہ ہمیں اس کے کارخانوں میں بنی چیزیں بہت پسند ہیں۔

جن ظالموں نے قرآن حکیم کے اوراق جلائے، زمین پر پھینکے، ٹائیلٹ میں استعمال کیے، کیا ہماری رگوں میں بہتا لہو یہ برداشت کرسکتا ہے کہ وہ یہودی، عیسائی اور ہندو کی خوردونوش کی چیزوں کو استعمال کر کے اپنے خون کا حصہ بنائے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا ہم یہ چاہیں گے کہ روزانہ کی صرف ایک بوتل انفرادی طور پر خرید کر چار ارب سالانہ منافع حاصل کرنے میں ان کے مددگار بنیں۔

کیا ہماری دینی اخوت یہ پسند کرتی ہے کہ انہی کی مصنوعات خرید کر ان کی معیشت مضبوط کریں تاکہ وہ مزید اسلحہ تیار کر کے ہم مسلمانوں کے خلاف مضبوطی اور طاقت حاصل کریں۔

جی ہاں! دینی اخوت کا تو تقاضا یہ ہے کہ ہمیں صرف اپنے مسلمان بہن بھائیوں ہی کی بنی ہوئی چیزوں کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہی کی معیشت مضبوط کرنا چاہیے۔ اگر معیار اور استعمال میں کارکردگی ذرا کم بھی ہو تو ہم اپنے خونی دشمن کی چیز کو خرید کر اسے فائدہ کیوں پہنچائیں؟............ بھلا دین کے فائدے کے سامنے دینوی فائدے کی بھی کوئی وقعت ہے؟ اسلامی اخوت اور ہمدردی کا تقاضا یہی ہے کہ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کی مصنوعات ہی کو پسند کریں اور خریدیں۔

صرف یہی نہیں کافروں کی مصنوعات اپنے ساتھ کافرانہ تہذیب، کافرانہ رسم و رواج اور کافرانہ عادات بھی لے کر آتے ہیں۔ اپنے بدلتے اور بگڑتے ماحول پر نظر دوڑائیے، اس میں سب سے زیادہ ہاتھ کافروں کی مصنوعات اور ان کے تشہیری انداز کا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے: غیر مسلموں کی مصنوعات اور ہم)

پانی کی بوتل صرف بوتل ہی نہیں ساتھ برہنہ لڑکیاں، مخلوط ماحول "جیو مزے سے پیو مزے سے" کا نظریہ حیات، عشق و عاشقی کا بخار، میک اپ کرنے کی لت، غیر مردوں میں نمایاں ہونے کا جنون، تھرکنے اور ناچنے کا فسون لے کر آتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف یہی نہیں! وہ اپنی مصنوعات پر اپنے دیوی دیوتاؤں کے نام کندہ کرتے ہیں، مذہبی علامات بناتے ہیں، اپنی مخصوص اصطلاحات (جن میں اسلام کی تحقیر اور ان کے مذہب کی برتری کا تصور شامل ہوتا ہے) اور نقش و نگار بنا کر ہمارے یہاں بھیجتے ہیں، نوبت بایں جا رسید کہ مسلمانوں کے لباس مصلوں، بستروں، بیگوں پر سپائیڈر مین، صلیب، چھ کونوں والا ستارہ، ترشول وغیرہ بنے ہوتے ہیں۔

(تفصیل کے لیے دیکھیے: مصنوعات اور پر کندہ نقش اور حروف)

وہ بدبخت سور کھانے والے، شراب پینے والے، کتوں بلیوں اور ہم جنسوں سے نکاح کرنے والے جب چیزیں بناتے ہیں تو ان میں دل کھول کر حرام کی آمیزش کرتے ہیں کیوں کہ یہ حرام چیزیں ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہیں۔

وہ مسلمانوں کے اتنے ہمدرد نہیں کہ ان کے مذہبی جذبات کا احترام کرتے ہوئے سور کا گوشت، چربی، خون، بال یا جھٹکے کا گوشت، الکوحل وغیرہ شامل نہ کریں۔

ان کی چیزیں استعمال کر کے ہم حلال و حرام کی تمیز سے بیگانہ ہوتے جا رہے ہیں۔

ان حیا باختہ لوگوں کے اشتہارات اپنے ساتھ مغربی تہذیب کے گند کو بھی لا رہے ہیں جب کہ ہم وہ قوم ہیں جو حیا و حجاب میں دنیا کی تمام اقوام میں اپنی مثال آپ ہے۔

ہم اتنے سادہ لوح ہیں کہ ایک گِھسا پٹا حملہ کہہ دیتے کہ "بھلا پندرہ روپے کی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رابن نیل کی ڈبیہ خریدنے سے معیشت میں کون سا انقلاب آ جاتا ہے“...........

”سپرائٹ پینے سے دین کو کون سا نقصان پہنچ سکتا ہے؟“......

”بھلا و نیلا آئس کریم میں اسلامی غیرت کی بات کہاں سے آ گئی؟“

غالباً ہم دنیا میں تجارت کے اتار چڑھاؤ اور اس کے پھیلاؤ کے اصولوں سے اس قدر نابلد ہیں کہ جو ہمارا خون بہاتے اور ہماری دھجیاں بکھیرنے کے درپے ہیں ان کا کھاتے اور انہی کے گن گاتے ہیں۔

